خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلوچستان کے زلزلہ زدگان کیلئے تین ٹرکوں پر مشتمل امدادی اشیاء کی ساتویں کھیپ پی آئی اے کے طیارے کے ذریعے کوئٹہ روانہ کردی گئی

امدادی کھیپ میں کمبل اور غذائی اجناس شامل ہیں

کراچی۔۔۔4،نومبر 2008ء... متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے منگل کے روز بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے تین ٹرکوں پر مشتمل امدادی اشیاء کی ساتویں کھیپ پی آئی اے کے طیارے کے ذریعے کوئٹہ روانہ کردی گئی ہے۔امدادی کھیپ میں گرم کمبل،بسکٹ اور دیگر غذائی اجناس شامل ہیں۔اس سے قبل خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے اپنی نگرانی میں امدادی اشیاء کی کھیپ ٹرکوں پر لوڈ کرائی۔بعدازاں اسے پی آئی اے کی پرواز PK-352 کے ذریعے کوئٹہ کیلئے روانہ کیا۔ایم کیوایم کا امدادی سامان جب پی آئی اے کارگو پہنچا تو ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں نے امدادی سامان کو اپنے کاندھوں پر اٹھا کر بلٹی کرایا۔دریں اثناء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے قائم کئے گئے امدادی کیمپ میں امدادی اشیاء جمع کرنے ،انہیں پیک کرنے اور متاثرہ علاقوں میں پہنچانے کا سلسلہ بدستور جاری ہے اور ایم کیوایم کے درجنوں کارکنان زلزلہ سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے دن رات مصروف عمل ہیں۔

زلزلہ زدگان کیلئے بلوچستان کے دیہاتوں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں

ایم کیوایم کی امدادی ٹیموں نے وام کے آخری اسٹاپ ،گاؤں کلی علی خان،گاؤں حاجی فاضل خان،سرہ غذی اور سرہ غذی بالا کے زلزلہ متاثرین کو طبی سہولیات فراہم کی اور امدادی سامان تقسیم کیا

کوئٹہ۔۔۔4،نومبر 2008ء... متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلوچستان کے زلزلہ سے متاثرہ گاؤں اور دیہاتوں کے زلزلہ متاثرین میں امدادی اشیاء کی تقسیم اور انہیں علاج ومعالجہ کی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں میزان چوک کوئٹہ میں قائم کئے گئے ایم کیوایم کے مرکزی طبی وامدادی کیمپ سے ڈاکٹروں ،پیرامیڈیکل اسٹاف اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں پر مشتمل دوٹیموں نے زلزلہ سے متاثرہ علاقے وام کے آخری اسٹاپ ،گاؤں کلی علی خان،گاؤں حاجی فاضل خان،سرہ غذی اور سرہ غذی بالا جاکر زلزلہ سے متاثرہ افراد میں کمبل، خیمے،غذائی اجناس اور دیگر امدادی سامان تقسیم کیا جبکہ میڈیکل ٹیم کے ارکان نے گاؤں گاؤں جاکر زلزلہ سے متاثرہ سینکڑوں افراد کو علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کیں۔اس موقع پر امدادی ٹیم کے ارکان نے زلزلہ سے متاثرہ افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔زلزلہ سے متاثرہ افراد نے ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی اشیاء اور طبی سہولیات کی فراہمی پر امدادی ٹیم کے ارکان کا شکریہ ادا کیا اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وعافیت کیلئے دعائیں کیں۔

پشتونخواہ ملی اتحاد کے مرکزی رہنما اور ظاہر خان اور شاہوانی قبیلہ کے رہنماء محمد اسلم شاہوانی نے کوئٹہ میں ایم کیوایم کے امدادی وطبی کیمپوں کا دورہ کیا

کوئٹہ۔۔۔4،نومبر 2008ء.... بلوچستان کے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کو مختلف سیاسی وسماجی شخصیات کی جانب سے سراہا جارہا ہے۔اس سلسلے میں منگل کے روز پشتونخواہ ملی اتحاد کے مرکزی رہنما اور سابق تحصیل ناظم ظاہر خان اور شاہوانی قبیلہ کے رہنماء اور سابق ڈی ایس پی محمد اسلم شاہوانی نے کوئٹہ میں ایم کیوایم کے مرکزی کیمپ کا دورہ کیا اور زلزلہ سے متاثرہ گاؤں حاجی فاضل خان اور دوردراز کے دیگر دیہاتوں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کی تعریف کی۔انہوں نے کہا کہ آزمائش کی گھڑی میں جس طرح ایم کیوایم کے کارکنان زلزلہ سے متاثرہ افراد کی دن رات خدمت میں مصروف ہیں اس کی مثال نہیں ملتی۔انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے اور ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جناب الطاف حسین کے اس نیک جذبہ کو قبول فرمائے۔انہوں نے زلزلہ سے متاثرہ افراد کی عملی خدمت پر ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کو خراج تحسین بھی پیش کیا۔

ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کارکن کے بھائی اور میرپورخاص زون کے کارکن کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔4،نومبر 2008ء... متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ خواتین فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 152 کی کارکن محترمہ یاسمین جاوید کے بھائی شیخ عتیق الرحمٰن اور ایم کیوایم میرپورخاص زون یونٹ B-7 کے کارکن اکرام الدین پیرزادہ کی والدہ محترمہ متینہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆